ماخوذ ہیں۔ انشار کی تعلیم کے بعد اردو سے عربی اور عربی سے اردو میں ترجمہ کرنے پر مختلف اسباق ہیں اور ان کی ترتیب بھی یہی ہے کہ پہلے اصول ترجمہ بیان کئے گئے ہیں اور پھر ان کی مشق کرائی گئی ہے۔ ان تمام تمرینات اور اسباق میں اس بات کا بھی خاص طور پر خیال رکھا گیا ہے کہ آج کل کی عام مصری ریڈروں کی طرح طوطا مینا کے قصے نہ ہوں بلکہ ایسے اسباق کے ذریعہ تمرین کرائی جائے کہ متعلم میں اسلامی سیرت و کردار کے نقوش بھی ابھر سکیں۔ غرض کہ ادبی۔ تعلیمی اور اخلاقی ان تینوں حیثیتوں کے اعتبار سے یہ کتاب اس لائق ہے کہ مدارسِ عربیہ اس کو نصاب میں شامل کریں اور اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیں۔

ذکرِ غالب از جناب مالک رام صاحب ایم۔ اے تقطیع متوسط ضخامت ۲۸۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت تین روپیہ پتہ :۔ مکتبہ جامعہ لمیٹڈ دہلی۔

جناب مالک رام صاحب غالبیات کے مشہور فاضل ہیں اور ان کی یہ کتاب بھی غالب کے قدر شناسوں کے حلقہ میں بڑی مقبول ہے۔ اگرچہ غالب پر اب تک بڑی بڑی ضخیم کتابیں لکھی جا چکی ہیں لیکن جہاں تک کہ مرزا کی لائف کا تعلق ہے یہ کتاب سب پر بھاری ہے اور صحیح خیر الکلام ماقل ودل کا مصداق ہے مرزا پر ریسرچ کا سلسلہ برابر جاری ہے جس کی وجہ سے بعض پرانے بیانات نظر ثانی کے محتاج اور دور اول کی بعض تحقیقات مشکوک ہو گئی ہیں لائق مصنف نے کتاب کے اس تیسرے اڈیشن میں کچھ اضافے بھی کئے ہیں اور جدید تحقیقات کی روشنی میں اپنے بعض قدیم استنباطات وخیالات کا از سرِ نو جائزہ بھی لیا ہے۔ امید ہے کہ سابقہ دو اڈیشنوں کی طرح یہ تیسرا اڈیشن بھی مقبول ہوگا اور مرزا کے قدر دان اس کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے۔

قرآنی آئینہ از جناب شیخ چاند محمد صاحب بی۔ اے تقطیع کلاں ضخامت ۴۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۸؍ پتہ :۔ قرآنی آئینہ اکیڈمی آرام باغ روڈ کراچی۔

یہ قاعدہ بچوں کی نفسیات اور ان کے ذہن کے تدریجی ارتقار کی رفتار کو پیش نظر رکھ کر اس طرح لکھا گیا ہے کہ ایک متوسط ذہن کا بچہ بغیر کسی بار کے بہت جلد حروف شناس ہو جاتا ہے اور